© rasailojaraid.com



# علماء کرام سے ایک استفسار

## منجانب: پاکستان اسلامک میڈیکل ایسوسی ایشن

نوٹ: مندرجہ ذیل سوال نامہ ہمیں پاکستان اسلامک میڈیکل ایسوسی ایشن کی طرف سے موصول ہوا ہے جو علماء کرام ان سوالات کے جوابات ہمیں ارسال فرمائیں گے ہم انہیں افادہ عامہ اور نقاش مزید کے لئے مجلہ فقہ اسلامی میں شائع کریں گے۔

پاکستان اسلامک میڈیکل ایسوسی ایشن اسلامی اقدار کے فروغ کیلئے ڈاکٹروں کی تنظیم ہے اور بیک وقت مرد اور خواتین ڈاکٹرز میں کام کر رہی ہے اس سلسلے میں پردے سے متعلق بہت سے ایسے امور ہیں جس میں شریعت کی راہنمائی کی ضرورت ہے۔

## پردے کی دین میں اہمیت کیا ہے اور اس کے عمومی احکام کیا ہیں؟

۱) پردے کے بنیادی احکامات کیا ہیں۔

۲) چادر، چاردیواری، اختلاط، اور غض بصر میں آخری حد کونسی ہے۔

۳) کیا کسی عورت کا پردہ نہ کرنا گناہ کبیرہ ہے۔

۴) پردے کے باقی جزئیات کو مانتے ہوئے مکمل چہرے کا پردہ اگر لازم ہے تو راستہ دیکھنے میں چلنے میں تکلیف کا ازالہ کیسے کیا جائے گا۔

۵) اگر چہرے کے کچھ حصہ کا پردہ ہے اور کچھ حصے کا نہیں پھر صحیح حکم کے الفاظ اور اس کا اطلاق کیسے کیا جائیگا۔

۶) اختلاط میں ایک مرد اور ایک عورت کا اکیلے بیٹھنا مراد ہے۔

۷) کیا اگر مرد اور عورتوں کا مشترکہ اجلاس رکھا جائے اور خواتین باپردہ ہوں تو اس طرح مل کر کسی مسئلے پر آمنے سامنے گفتگو کریں تنظیم کی شوریٰ میں، علمی کانفرنس میں، لیکچر ہال میں جبکہ مقرر ایک مرد یا عورت ہو۔

۸) اور خواتین کیلئے علیحدہ دائیں بائیں آگے پیچھے نشستیں مخصوص ہوں تو وہ کس طرح بیٹھ کر اس اجلاس میں شرکت کر سکتی ہیں۔

۹) کیا ان کے درمیان پردہ لگانا ضروری ہے۔

۱۰) کیا ان کی نشست گاہیں بالکل علیحدہ علیحدہ عمارتوں میں ہوں۔

۱۱) کیا نماز میں خواتین جس طرح رسول اللہ ﷺ کے وقت میں شرکت کرتیں تھیں کہ پہلے صفیں



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



مردوں کی، اس کے بعد بچے اور اس کے بعد خواتین کی صفیں ہوتی تھیں اور درمیان میں کوئی علیحدہ پردہ نہیں ہوتا تھا اس دور میں ایسے کرنا شریعت کی رو سے کیسے ہوگا۔

## تعلیم کے طبی اور دوسرے اداروں میں:

۱۲) میڈیکل کالج میں لڑکیوں کا داخلہ تعداد میں بڑھ گیا ہے اور لڑکوں کی تعداد کم ہے دونوں کو بیک وقت مرد اور خواتین اساتذہ پڑھاتے ہیں ان کے درمیان لباس میں (یونیفارم کے طور پر)۔

۱۳) لیکچر ہال میں بیٹھتے وقت۔

۱۴) ڈیمانسٹریشن روم میں پڑھتے وقت۔

۱۵) باہر کالج کے صحن۔ ۱۶) برآمدوں۔

۱۷) کیفے ٹیریا اور۔ ۱۸) اساتذہ سے ملتے وقت۔

۱۹) امتحان گاہ میں نشستوں کی ترتیب رکھتے ہوئے شرعی طریقہ کیا ہوگا؟

۲۰) استقبالیہ اور اکاؤنٹس کے مشترکہ نظام میں کیا اصول وضوابط ملحوظ رکھے جائیں کہ جس کو شریعت کے مطابق کہا جاسکے اور دلیل کے طور پر نصوص صریحہ سے کس قسم کا نظام مترشح ہوتا ہے۔ دلائل ضرور تحریر فرمائیں تاکہ عمل کرتے ہوئے اطمینان قلب میں آسانی ہو۔

۲۱) اجتماعی پروگراموں میں نمائش گاہوں میں آتے جاتے ہوئے۔

۲۲) اسٹالوں میں پھرتے ہوئے کھانے پینے کے انتظامات کرتے ہوئے کس طریقے کو اختیار کیا جائے کہ شریعت کا مقصد پورا ہو۔

۲۳) کانفرنس میں وضوخانے اور نماز گاہ کے انتظامات دونوں کیلئے کس طرح رکھے جائیں کہ مشترکہ بر وقت با جماعت نماز ادا ہو سکے۔

۲۴) تعلیمی ادارے میں آدائیگی نماز کیلئے کیا طالبات اسی ایک مسجد میں نماز ادا کریں گی۔

۲۵) کس طرح کیا آمدورفت کے راستے علیحدہ ہونگے۔

۲۶) کیا پردے کا علیحدہ علیحدہ انتظام ہوگا اور کیوں اور کیسا؟

ڈاکٹر عطاء الرحمٰن

انچارج طبی فقہی بورڈ پاکستان اسلامک میڈیکل ایسوسی ایشن

☆ الیقین لا یزول بالشک ☆ (فقہی ضابطہ)

© rasailojaraid.com